**08/09/2025**

**07.40 PM**

**ہیڈ لائینز**

***........لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے سے وسائل کو مکمل طور بروئے کار لانے پرزور۔**

***........سات رکنی بین وزارتی مرکزی ٹیم کا جنوبی کشمیر کے سیلاب سے متاثرہ اننت ناگ اور کولگام اضلاع کا دورہ // نقصانات کا لیا برسر موقعہ جائزہ۔**

***........کولگام کے گُڈر جنگلاتی علاقے میں سیکورٹی فورسز کے ساتھ جھڑپ میں دو ملی ٹینٹ ہلاک // فوج کا ایک JCO- زخمی**

**اور**

***........نیشنل کانفرنس کے بانی لیڈ ر اور سابق وزیر اعلیٰ شیخ محمد عبداللہ کو 43ویں برسی پر خراج عقیدت ادا ۔**

**<u>سنہا</u>**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے نوجوانوں پر زور دیا ہے کہ وہ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے سے وسائل کو مکمل طور سے بروئے کا ر لائیں تاکہ ترقی کا ایسا منظر نامہ وجود پائے جو ماحولیات کے تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے سماج کی ضروریات کو پورا کر سکے ۔ یونیورسٹی آف جموں کے یوم تاسیس کی تقریب کے دوران اپنا کلیدی خطبہ پیش کرتے ہوئے ایل جی نے کہاکہ ابھرتے ہوئے چلینجوں کا مقابلہ کرتے ہوئے وکست بھارت نظریے کے تحت طلباءکو مستقبل کیلئے تیار کیا جانا چاہئے ۔**

**<u>ایل جی شکریہ</u>**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے نئے قائم کئے گئے شری ماتاویشنو دیوی انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز کیلئے پچاس MBBS نشستیں منظور کرانے کیلئے وزیر اعظم نریندر مودی اور صحت کے مرکزی وزیر JP نڈّا کا شکریہ ادا کیا ہے ۔ ایل جی نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ اس اہم فیصلے سے جموں کشمیر میںاعلیٰ معیار کی طبی تعلیم دینے کے عزم کو تقویت بخشنے کے ساتھ ساتھ طبی سہولیات میں بہتری لانے میں بھی مدد ملے گی ۔انہوں نے کہا کہ شرائن بورڈ نے 19اگست 2023کو اپنی 71ویں میٹنگ کے دوران ککریاِل میں 50سیٹوں پر مشتمل میڈیکل کالج قائم کرنے کو منظور دی تھی ۔**

## ملاقات

اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے وائس چانسلر پروفیسر شکیل احمد رومشو نے کونسل آف Scientific and Industrial research-north east institute of سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے ڈائریکٹر ڈاکٹر Virendra M Tiwari کے ہمراہ راج بھون سرینگر میں لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔اس موقعے پر ان دو اداروں نے تحقیق ، اختراعیت اور علوم کے تبادلے کو یقینی بنانے کے تعلق سے ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے ۔لیفٹننٹ گورنر نے IUSTاور CSIR کو مبارکباد دیتے ہوئے ان پر زور دیا کہ وہ ہمالیائی خطے میں ماحولیاتی تبدیلی اور ناگہانی آفات کی وجہ سے در پیش چلینجوں کا حل نکالیں۔

دریں اثنا انٹر نیشنل فلم فیسٹول آف سرینگر کے فیسٹول ڈائریکٹر روہت بھٹ نے بھی آج ایل جی کے ساتھ ملاقات کی اور فلم فیسٹول کے آنے والے شمارے کے بار ے میں انہیں جانکاری دی۔

## عمر میراتھن

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سرینگر میں منعقد ہونے والے کشمیر میرا تھن کے سلسلے میں کی جا رہی تیاریوں کا ایک میٹنگ کے دوران جائزہ لیا۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ میرا تھن کو کامیاب بنانے کیلئے باہمی تال میل کے ساتھ کام کریں اور شرکاءکیلئے ہر طرح کی سہولیات دستیاب رکھیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ دلی میراتھن اور دیوالی تہوار کے پیش نظر یہ میرا تھن دو نومبر کومنعقد کیاجانا چاہئے ۔

## ٹیم

سات ارکان پر مشتمل بین وزارتی مرکز ی ٹیم نے آج اننت ناگ کا دورہ کرکے وہاں حالیہ سیلابی صورتحال سے ہوئے نقصان کا جائزہ لیا۔ ضلع کے ترقیاتی کمشنر ڈاکٹر سید فخر الدین حامد نے ٹیم کو نقصانات کے ساتھ ساتھ مستقبل میں سیلاب سے بچاؤ کے اقدامات کے بارے میں جانکاری دی ۔

ٹیم نے بعد میں کولگام کا بھی دورہ کیا اور وہاں سیلا ب کے بعد کی صورتحال کا جائزہ لیا اور مختلف سیکٹروں میں ہوئے نقصان کے بارے میں بھی جانکاری حاصل کی ۔

## تصادم

کولگام ضلع کے Guddar جنگلات میں حفاظتی عملے اور ملی ٹینٹوں کے درمیان جاری تصادم میں اب تک دو دہشت پسند مارے گئے ہیں۔ایک فوجی ترجمان نے بتایا کہ تصادم میں ایکJCO- بھی زخمی ہوا ہے جس سے علاج و معالجے کیلئے اسپتال میں بھرتی کیا گیا ہے

**چیک**

**جموں وکشمیر ا ور لداخ ہائیکورٹ کے رجسٹرار جنرل نے ہمدردی اور یکجہتی کی ایک پہل کے طور پر آج جموں کشمیر میں حالیہ سیلاب سے متاثرین کی باز آباد کاری کیلئے 54لاکھ 40ہزار5سو روپے کا چیک وزیر اعلیٰ کے ریلیف فنڈ کیلئے پیش کیا ۔ یہ رقم ہائیکورٹ کے جج صاحبان اور ملازمین نے عطیے کے طور پر جمع کی ہے ۔ وزیر اعلیٰ نے اس پہل کیلئے ہائیکورٹ کا شکریہ ادا کیا ۔**

**این سی تقریب**

**نیشنل کانفرنس نے پارٹی کے بانی اور جموں کشمیر کے سابق وزیر اعلیٰ مرحوم شیخ محمد عبداللہ کو ان کی 43 ویں برسی پر آج خراج عقیدت ادا کیا ۔اس تعلق سے ان کے مزار واقع نسیم باغ پر پارٹی کے صدر فاروق عبداللہ، نائب صدر اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے گلباری کی اور فاتحہ پڑھی ۔اس دوران مقررین نے جموں وکشمیر کی ترقی بالخصوص سماج کے پچھڑے طبقے کے معیار حیات میں بہتری لانے میں مرحوم کے رول کو اجا گر کیا ۔تقریب پر اسمبلی کے اسپیکر عبدالرحیم راتھر ، پارٹی کے جنرل سیکریٹری علی محمدساگر کے علاوہ کئی دیگرلیڈر اور کارکن بھی موجود تھے۔**

**جتندر سنگھ**

**سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے خلا کے شعبے میں بھارت کی ترقی کو اجا گر کیا ہے ۔ آج بنگلورو میں کنفیڈریشن آف انڈین انڈسٹری کی طرف سے منعقد کی گئی انٹر نیشنل کانفرنس آن سپیس2025سے خطاب کرتے ہوئے انہوننے کہاکہ وزیراعظم نریندر مودی کی سربراہی والی حکومت خلائی شعبے کو تقویت بخشنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے ۔**

**GST**

**کی شرحوں میں GST مرکزی حکومت نے عوامی مفاد میں کئی چیزوں اور خدمات پر عائد معقولیت لائی ہے۔**

**اصلاحات کے کچھ اہم نکات یوں ہیں۔ GST**

**، Gauze * .... طبی شعبے کے اہم آلات اور جراحیوں اور بیماریوں کی تشخیص میں در کار اٹھارہ اور GST جیسی چیزوں پر اب Gulcometer اورKits،Reagents ، تشخیصیBandages 12فیصد سے کم کرکے پانچ فیصد کر دیا گیا ہے ۔**

***....چھوٹی موٹر گاڑیوں اور موٹر سائیکلز پر جی ایس ٹی 28فیصد سے گھٹاکر18فیصد کر دی لاگو GST گئی ہے ۔// بسوں ، ٹرکوں اور ایمبولنس گاڑیوں پر اب 28فیصد کے بجائے18فیصد ہوگا۔**

کوڈ سے بالا تر ،پر اب HS *....گاڑیوں میں لگنے والے تمام سپیئر پارٹس پر ان کے
لاگو ہوگا۔GST صرف18فیصد

**<u>بریک</u>**

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشو انی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

**<u>دن</u>**

آج خواندگی کا بین الاقوامی دن منایاجا رہا ہے ۔ یونسکو نے 26اکتوبر 1966کو اپنے 14ویں اجلاس کے دوران یہ دن منانے کا فیصلہ کیا تھا ۔اس دن کی مناسبت سے تعلیم اور ڈیولپمنٹ کے ڈاکٹر شبستان غفار نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ Expert شعبے میں پالیسی فریم ورک بات کرتے ہوئے کہا۔

**<u>ست شرما</u>**

جموں کشمیر کے صدر ست شرما نے آج پارٹی ہیڈ کواٹر جموں میں بنگالی رہائشیوں کے BJP ساتھ ایک میٹنگ منعقد کی جس دوران آنے والی دُرگا پوجا تقریبات اور بنگالی سماج ملن سمارو ہ سے جڑے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا ۔

**<u>یون شرما</u>**

ڈوڈہ MLA ڈوڈہ کے خلافDC کے سیکریٹری اور ڈوڈہ ضلع کے پربھاری یون شرما نےBJP معراج ملک کی طرف سے بقول ان کے غیر مہذبانہ الفاظ استعمال کرنے کی مذمت کی ہے ۔

**<u>مہو ترا</u>**

جموں کشمیر کے میڈیا انچارج ڈاکٹر پردیپ مہو ترا نے نیشنل کانفرنس پر الزام لگایا ہے کہ BJP وہ سیلاب سے متاثرین کو بقول ان کے کھوکھلے اعلانات سے گمراہ کر رہی ہے ۔ایک پریس بیان میں انہوں نے کہا کہ نیشنل کانفرنس کی طرف سے چناؤ کے دوران لوگوں کے ساتھ کئے گئے وعدوں کو بھی پور انہیں کیا گیا ۔

## ذمہ داری

سماج کے ضرورت مند اور مفلوک الحال طبقے کے لوگوں کی مدد کرنا اور ان کے معیار حیات میں بہتری لانا ہم سب کی اولین ذمہ داری ہے ۔ پیش ہے اس تعلق سے وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

صاحب ثروت اور آسودہ حال لوگ اپنی ذمہ داریوں کو نبھاتے ہوئے ان لوگوں کی زندگیوں میں مثبت بدلاؤ لا سکتے ہیں۔ اس حوالے سے ایک صحافی نصر اللہ غازی نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

## اطلاع

شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز کے ڈائریکٹر پروفیسر محمدا شرف گنائی نے آج ایک بیداری پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے لوگوں پر زور دیا کہ وہ بہتر زندگی گذارنے کیلئے روایتی طور طریقوں کو بروئے کار لائیں ۔انہوں نے کہا کہ سکمزانسٹی چیوٹ لوگوں کوسائنسی تحقیق اور علم پر مبنی معیاری علاج و معالجے کی سہولیات دستیاب کرانے کا وعدہ بند ہے ۔

## فوج

فوج نے کھٹوعہ کے مختلف گاؤں میں حالیہ سیلاب کے بعد لوگوں کی راحت رسانی کو یقینی بنانے میں اہم رول ادا کیا ۔ Rising Star کو ر کے جوانوں نے لوگوں کے بچاؤ کے ساتھ ساتھ ہر طرح کی بنیادی سہولیات لوگوں کی دہلیز پر دستیاب رکھیں۔

دریں اثنا شمالی کمانڈ کے چیف آف سٹاف لیفٹنٹ جنرل وجے بی نیئر نے آج نارڈن ہیڈ کواٹر ادھمپور میں Defence Correspondats کورس کر رہے ملک کے 32صحافیوں کی عزت افزائی کی ۔ چیف آف سٹاف نے آج اختتامی تقریب پر صحافیوں کو ڈیفنس رپورٹنگ کے تقاضوں سے روشناس کرایا۔

## صدر جمہوریہ

صدر جمہوریہ در و پدی مرمو نے شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ بھارت کو ایک مرتبہ پھر عالمی تجارت اور علم کا ایک اہم مرکز بنائیں ۔ نئی دلی میں آج انجینئرنگ ایکسپورٹس پرموشن کونسل کی Platinum جوبلی تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھارت کی معیشت کو اور زیادہ خود انحصار بننا چاہئے اور ملک کے بر آمدات میں بھی اضافہ ہونا چاہئے ۔ انہوں نے کہا کہ کووڈ دور کے دوران آتم نر بھر بھارت کیلئے رکھی گئی بنیاد کے ثمر لگاتار سامنے آرہے ہیں۔

**<u>انتقال</u>**

**سینئر صحافی اور دی ٹیلی گراف اخبار کے ایڈیٹر Sankarshan ٹھاکر آج گرو گرام میں فوت ہو ئے ۔ پریس کلب آف انڈیا نے ان کے فوت ہونے پر دکھ کا اظہا رکرتے ہوئے صحافت کی دنیا میں ان کے بے مثال رول کو اجا گر کیا۔**

**PDP صدر محبوبہ مفتی نے بھی ان کی وفات پر دکھ اور صدمے کا اظہار کرتے ہوئے انہیں ایک بہترین صحافی قرار دیا ۔**

**<u>PMدورہ</u>**

**وزیر اعظم نریند رمودی کل پنجاب کا دورہ کرکے وہاں سیلاب سے پیدا صورتحال کا جائزہ لیں گے ۔وزیر اعظم وہاں ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت بھی کریں گے ۔ پنجاب حکومت نے وزیر اعظم سے درخواست کی ہے کہ وہ اپنے دورے کے دوران سیلاب سے متاثرہ اس ریاست کیلئے 20ہزار کروڑ روپے والے ریلیف پیکیج کا اعلان کریں ۔**

**<u>ابھیان</u>**

**وزیر اعظم نریندر مودی 17ستمبر کو Swasth Nari Sashakt Parivar Abhiyaan کا آغا زکریں گے۔قومی سطح کے اس ابھیان کے تحت آیوشمان آروگیہ مندروں ، کیمونٹی ہیلتھ مراکز اور دیگر طبی مراکز پر 75ہزار ہیلتھ کیمپ منعقد کئے جائیں گے ۔ ان کا مقصد خواتین اور بچوں کو اعلیٰ معیار کی طبی سہولیات فراہم کرنا ہے ۔ اس کے علاوہ تمام آنگن واڑی مراکز پر پوشن ماہ بھی منایا جائے گا۔**

**<u>وقفہ</u>**

**باقی خبروں سے پہلے یہ وقفہ**

**<u>اشتہار</u>**

**__________________**

**اب پیش ہیں باقی خبریں**

**<u>شاہراہ</u>**

**دریں اثنا ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ سرینگر جموں قومی شاہراہ آج ساتویں روز بھی ٹریفک کے آمد رفت کیلئے بند رہی ۔شاہراہ کو یکطرفہ ٹریفک کیلئے بحال کرنے کی خاطر 8مشینیںکام پر لگائی گئی ہیں تاہم بارشوں کی وجہ سے بحالیاتی کام میں رکاوٹیں پیش آ رہی ہیں۔**

## ڈاکٹر مختار

شہر سرینگر سمیت وادی کے دیگر قصبہ جات میں آج صبح سے مطلع ابر آلود رہا اور دن میں کہیں کہیں پر رک رک کے بوندا باندی جاری ہے .موجودہ موسمی صورتحال کے بارے میں سرینگر میں محکمہ موسمیات کے سربراہ ڈاکٹر مختا ر احمد نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا .

## درجہ حرارت

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 21اعشاریہ5ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت17ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 32اعشاریہ2ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23اعشاریہ5 ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر9 منٹ پر اور غروب آفتاب شام6 بج کر 47منٹ پر ہو گا۔